DAILY
TALOO-E-PAKISTAN
ISLAMABAD

روزنامہ
چیف ایگزیکٹو: رانا سلطان احمد
سرپرست اعلیٰ: کامران بشیر گورسی

طلوعِ پاکستان

اسلام آباد

چیف ایڈیٹر: بدر منیر چوہدری
ڈپٹی چیف ایڈیٹر: محمد مشتاق مغل

جلد نمبر 01	بدھ 15 ربیع الاول 1444ھ، 12 اکتوبر 2022، 27 اسوج، صفحات 6 قیمت 15 روپے	شمارہ نمبر 294

وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر ریجنل ہیڈ محتسب سکھر سید محمود علی شاہ نے آج نادرا آفس کا اچانک دورہ کیا

انچارج سے محمد شریف سومرو سے معلومات لی اور کو حکم دیا کہ وہ بغیر کسی رکاوٹ کے سب کے کام کریں اور آپ اپنے کام کو بہتر بنائیں تا کہ عام لوگوں کو تکلیف نہ ہو

لاڑکانہ (محمد اسلم راجپوت):-وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر ریجنل ہیڈ محتسب سکھر سید محمود علی شاہ نے آج نادرا آفس کا اچانک دورہ کیا، دورے کے دوران انہوں نے دفتر کے مختلف حصے دیکھے تو وہاں موجود لوگوں نے انہیں بتایا کہ نادرا والے ہماری انگلیوں کی تصدیق نہیں کر رہے، جس پر انہوں نے انچارج سے محمد شریف سومرو سے معلومات لی اور کو حکم دیا کہ وہ بغیر کسی رکاوٹ کے سب کے کام کریں اور آپ اپنے کام کو بہتر بنائیں تا کہ عام لوگوں کو تکلیف نہ ہو۔ اس کے بعد انہوں نے یوٹیلیٹی سٹور واقع قائم شاہ بخاری روڈ کا دورہ کیا، جہاں لوگوں نے ریجنل ہیڈ محتسب سکھر سے شکایت کی کہ انہیں عام استعمال کی اشیاء بشمول آٹا، چینی اور گھی وغیرہ نہیں مل رہے۔ انہوں نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے انچارج سٹور گلشن جونیجو سے پوچھا اور انہیں ہدایت کی کہ وہ سب کے ساتھ اچھا برتاؤ کریں اور یہاں آنے والے لوگوں کا خیال رکھیں تا کہ غریب عوام کو کسی قسم کی تکلیف نہ ہو۔ اس موقع پر ریجنل منیجر یوٹیلیٹی کارپوریشن آف پاکستان لاڑکانہ بھی موجود تھی۔

ABC CERTIFIED | MEMBER APNS
سکھر اور وفاقی دارالحکومت اسلام آباد سے بیک وقت اشاعت
Daak Edidtion
DAILY YADGAR SUKKUR
وادی مہران میں سب سے زیادہ اشاعت رکھنے والا واحد روزنامہ
Regd: No:SRO/04
روزنامہ یادگار سکھر
چیف ایڈیٹر: ریاض شاہد
قیمت 4 روپے
Ph:071-5812209
email: yadgardaily@gmail.com
جلد 55 | بدھ 15 ربیع الاول 1444ھ بمطابق 12 اکتوبر 2022ء | شمارہ 59

یوٹیلیٹی سٹورز پر اشیائے خوردونوش کی قلت فوری ختم کی جائے

شہریوں کو سرکاری نرخوں پر اشیاء فراہم کی جائیں بصورت دیگر سخت کارروائی کی جائے گی

ریجنل ہیڈ وفاقی محتسب اعلیٰ سکھر سید محمود علی شاہ نے لاڑکانہ کے یوٹیلیٹی اسٹورز کا دورہ کیا

عوامی شکایات کا فوری ازالہ کیا جائے، یوٹیلیٹی اسٹور کے منیجر فون پر بھی عوامی رابطے کریں

لاڑکانہ (رپورٹ / آصف راٹھور) لاڑکانہ میں ریجنل ہیڈ وفاقی محتسب اعلیٰ سکھر سید محمود علی شاہ شہر کے یوٹیلیٹی اسٹورز پر گندم کا آٹا، چینی اور اشیائے خوردونوش اور عام استعمال کی اشیاء کی عدم دستیابی کا نوٹس لیتے ہوئے پوسٹ آفس کے قریب واقع یوٹیلیٹی اسٹور کا دورہ کیا جہاں انہوں نے اسٹور منیجر سے کھانے پینے کی اشیاء سمیت روزمرہ استعمال کی اشیاء کی قیمتیں معلوم کیں جبکہ خریداری کے لیئے آئے ہوئے شہریوں نے انہیں شکایت کی کہ یوٹیلیٹی سٹور کا عملہ مصنوعی قلت کا جواز بنا کر شہریوں کو اشیاء فراہم نہیں کر رہا جس کی وجہ سے ہمیں مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، اس موقع پر ریجنل ہیڈ وفاقی محتسب اعلیٰ سکھر سید محمود علی شاہ نے یوٹیلیٹی اسٹور کے منیجر کو ہدایت کی کہ کھانے پینے کی اشیاء سمیت روزمرہ کی اشیاء کی قلت کو دور کر کے شہریوں کو سرکاری نرخوں پر اشیاء فراہم کی جائیں بصورت دیگر سخت کارروائی کی جائے گی، اس موقع پر ریجنل ہیڈ وفاقی محتسب اعلیٰ سکھر سید محمود علی شاہ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عوامی شکایات پر یوٹیلیٹی اسٹور کا دورہ کیا جہاں گندم کے آٹے، چینی اور دیگر مصنوعات کی کچھ حد تک قلت تھی کیونکہ آٹے کی بوریوں کو گودام سے اسٹور تک پہنچانے میں کچھ وقت لگتا ہے لیکن اس کے باوجود یوٹیلیٹی اسٹور کے منیجر کو ہدایت کی گئی کہ وہ اشیائے خوردونوش اور عام اشیاء کی قلت کو دور کریں اور شہریوں سے فون پر رابطہ کر کے انہیں یہ اشیاء فراہم کریں۔